Education - 9th Class Education Urdu Medium Chapter 5 Preparation

Q1. معاشرتی زندگی کی تیاری کیلے موثر امور کون کون سے ہیں

Ans 1: سکول کے نظام میں بہتری والدین اساتذہ اور کمیونٹی کے دوسرے افراد کے ساتھ مل کر کرنے سے لائی جاسکتی ہے خاندان کے مالی حالات کو بہتر بنانے کے لیے مرغبانی مگس بانی ماہی پروری ریشم کے کیڑے پالنا لاکھ کے کیڑے پالنا کشیدہ اری کے مراکز بنانا چھوٹی چھوٹی گھریلوصنعتیں لگانے کی تربیت دینے کے لیے سکول کیمونٹی کی مدد کرسکتا ہے

Q2. تعلیم میں تحقیق کی اہمیت بیان کریں

Ans 1: تعلیم میں تحقیق کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا اعلی سطح پر تحقیق کی سہولیات سے فائدہ اٹھنے کے لیے ہائر ایجوکیشن سے مدد لی جاسکتی ہے جبکہ کچھ نجی ادارے اور عالمی تنظمیں ابتدائی اور ثانونی اور اعلی تعلیم سے متعلقہ مسائل کی تحقیقی کے لیے مالی اور فنی معاونت فراہم کرتی ہے

Q3. کمیونٹی میں لوگ مل جل کیا کرتے ہیں

Ans 1: کیمونٹی معاشرے کی ایک اکائی ہوتی ہے جہاں افراد اپنی فلاح کے لیے مل جل کر کام کرتے ہیں

Q4. سکون کی ذمہ داریاں بیان کریں.

Ans 1: ہرمعاشرہ اپنی نئی نسل کی تربیت کی ذمہ داری سکول کے ذریعے نبھا تا ہے.سکول بچے کی تعلیم کی ذبہ داری استاد کو سونپتا ہے.استاد طالب علم کو معاشرے کا مفید رکن بناتا ہے.گھر اور سکول کی تربیت کے اثرات بچے کی شخصیت پر بڑے گہرے ہوتے ہیں گھر اور سکول بچے میں ذہنی،اخلاقی .جمالیات اور روحانی اقدار کی یکساں تعمیر کرتے ہیں.

Q5. نصاب سازی کے عمل سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: نصاب سازی کا یہ عمل نصاب ونگ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ،لاہور کے حوالے سے انجام پاتا ہے.یہ ونگ شعبہ ماہرین نصاب کی آراء کی بنیاد پر صوبائی نصاب تجویز کرتا ہے جسے منظور کے لیے وفاقی وزارت تعلیم کو ارسال کیا جاتا ہے جو متفقہ نصاب منظور کرتی ہے.

Q6. ٹیکسٹ بک بورڈ

Ans 1: کتب کی چھپائی اور معیاری مواد کی فراہمی ٹیکسٹ بک بورڈ کی ذمہ داری ہوتی ہے ہر صوبے میں موجود ٹیکسٹ بک بورڈ میعاری مصنفیں کو کتب ترتیب دینے کے لیے دعوت دیتے ہی مضمون سے متعلقہ کمیٹی تیار شدہ مسودے کا جائزہ لیتی ہے اور اس طرح معیاری کتب سستے داموں طلبا کو فراہم کی جاتی ہیں

Q7. سکول معاشرے کی کیسے معاونت کرتا ہے؟

Ans 1: سکول کی تمام تر ذمہ داریاں معاشرتی زندگی کی تیاریوں کے لیے ہوتی ہیں.سکول ان امور میں معاشرے کی معاونت کرتا ہے. 1.انسانوں کے مل جل کر رہنے کی خصلت کی آبیاری ہوتی ہے. 2.مشترکہ ضرورتوں اور نصب العین کے لیے افراد معاشرہ کو فعال بنایا جاتا ہے. 3.ہر بچہ مدرسے کے معاشرتی ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے. 4.سکول بچے کی سرگرمیوں میں تبدیلی پیدا کر کے بدلتے ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے

Q8. امتحانات کون سا ادارہ منعقد کرواتا ہے؟

Ans 1: بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن طلباء کو ثانوی اور اعلی ثانوی درجوں کی تعلیم کی تکمیل پر اسناد تقسیم کرتا ہے.امتحان میں یکساں معیار کو پیش نظر رکھا جاتا ہے.

Q9. نیشنل بک فاؤنڈیشن کیا کام کرتی ہے؟

Ans 1: مہنگی اور بیرون ملک چھپی کتابوں کو سستے داموں طلباء کو فاہم کرنے کے لیے نیشنل بک فاؤنڈیشن اپنی خدمات سر انجام دیتی ہے.یہ ادارہ انجینرنگ طب.اکاؤنٹس،کمپیوٹر،قانون اور د یگر شعبوں سے متعلقہ کتب چھاپ کر سستے داموں فراہم کرتا ہے..

Q10. سکول کو ایک چھوٹا معاشرہ کیوں کیا جاتا ہے؟

Ans 1: سکول کو بلاشبہ چھوٹا معاشرہ کہا جاتا ہے.جہاں زبان و بیان،اخلاق وآداب،سیاست اور حکومت جیسے امور کی تربیت دی جاتی ہے.سکول کی تمام ذمہ داریاں معاشرتی زندگی کی تیاری کی لیے ہوتی ہیں.سکول ان امور میں معاشرے کی معاونت کرتا ہے.